COUNTERING TERRORISM

secure NSW

**secureNSW**

secureNSW نیوساؤتھ ویلز میں انسداد دہشت گردی کے بارے میں معلومات فراہم کرنے والی نیوساؤتھ ویلز گورنمنٹ کی ویب سائٹ ہے ۔ ذیل میں اس ویب سائٹ کی کچھ معلومات کا ترجمہ دیا گیا ہے ۔

## ایمرجینسی کے دیگر اہم فون نمبر

آپ کے لیئے یہ معلوم ہونا اہم ہے کہ آپ دہشت گردی کو روکنے کے لیئے کن نمبروں پر فون کر سکتے ہیں اور کب کرنا چاہیئے۔

ٹرپل زیرو (000)، نیشنل سیکوریٹی ہاٹ لاین اورکرائیم اسٹاپر کی تمام مفت کال ہیں جو آسٹریلیابھر میں دن کے 24 گھنٹے اورہفتے کے 7 دن کسی بھی فون سے کی جاسکتی ہیں ۔ اگرآپ انگریزی اچھی طرح سے نہیں بول سکتے ہیں تو آپریٹر کسی مترجم کو لائن پر لانے کا انتظام کرسکتے ہیں ۔

پولیس مددکی لائن یا کمیونٹی رابطہ یونٹ کے لیئے ، اگرآپ انگریزی اچھی طرح سے نہیں بول سکتے ہیں تو ٹرانسلیشن اور انٹرپریٹر سروس کو 131450 پر فون کرکے انٹرپریٹر کے لیئے نیچے دیئے ہوئے کسی بھی نمبر سے رابطہ کروانے کہیں ۔

### ایمرجینسی نمبرات

- **ایمرجینسی میں ٹرپل زیرو (000) کو فون کریں ۔**

پولیس، آتشزدگی یا ایمبولینس سے فوری مددکے لیئے 000 پر کال کریں ۔ یہ مفت کال آسٹریلیا بھر میں کسی بھی فون یا کنیکشن بندکیئے موبائیل فون یا کسی بھی پبلک فون سے کی جاسکتی ہے ۔

### اہم نمبرات

- **نیشنل سیکوریٹی ہاٹ لاین** 1800123400

اگر آپ اپنے کسی جاننے والے کے انتہا پسند ہونے کے بارے میں متفکر ہیں یا کسی مشکوک عمل یا معلومات کی رپورٹ کرنا چاہتے ہوں تو نیشنل سیکوریٹی ہاٹ لاین کے نمبر 1800123400 پر فون کریں ۔ آپ کی دی ہوئ معلومات صیغہ راز میں رہیں گی اور آپ گمنام رہیں گے ۔ آپ ان کو ای میل بھی کرسکتے ہیں hotline@nationalsecurity.gov.au ۔

| پولیس، آگ لگنا، ایمبولینس | نیشنیل سیکیورٹی ہاٹ لائن | کرائیم اسٹاپرز |
| --- | --- | --- |
| 000 | 1800123400 | 1800333000 |
| ایمرجینسی میں | مشکوک عمل کی رپورٹ کریں | گمنام رہتے ہوئے جرم کی رپورٹ |

- **جرائم کی روک (کرائم اسٹا پرز) 1800333000.**

کرائیم اسٹاپر کو ان امکانی جرائیم کی جو ابھی سرزد نہیں ہوئے یا کسی نامعلوم مجرم کی (جیسے تالا توڑ کر گھر میں گھسنا، معاندانہ نقصان کرنا، چوری اور کار کے معمولی حادثات) رپورٹ 1800333000 پر کریں یہ معلومات گمنامی میں رہتے ہوئے دی جاسکتی ہیں ۔

- **پولیس کے لیئے دیگر معلومات 131444**

اگر آپ خود متاثر (وکٹم) ہیں یا رپورٹ کرنا چاہتے ہیں یا پولیس کو کچھ معلومات دینا ، بجز ایمرجینسی کے، تو مہربانی فرماکر ۔ پولیس مدد کی لائن 131444 پر فون کریں ۔ ایک مرتبہ کسٹمر سروس کے اہلکار نے آپ کی رپورٹ مکمل کردی تو آپ کی دی ہوئ معلومات فوری طؤر پر آپ کی مقامی پولیس کو مل جائیں گی ۔

**کیا آپ انسداد دہشت گردی کے بارے میں پولیس سے بات کرنا پسند کریں گے ؟**

نیؤساؤتھ ویلز پولیس فورس رابطہ (کنٹیک) یونٹ کمیونٹی کو دہشت گردی کے مسائل میں ملوث کرنے کے لیئے قائم کیا گیا ہے ۔ اس یونٹ کا مقصد کمیونٹی کے بارے میں جاننے اور نیؤساؤتھ ویلز میں انسداد تشدد کے سلسلے میں کیئے جانے والے انتظامات ۔ کو عوام میں سمجھنے کا شعور پیدا کروانا ہے ۔

اگر آپ کا کمیونٹی گروپ کمیونٹی یونٹ سے بات کرنا یا ملنا چاہتا ہے تو مہربانی فرماکر99199288 (02) پر فون کریں یا ای کریں ۔ CTSTCCU@police.nsw.gov.au